58: سورۃ المجادلۃ

Flow Chart — *Macro Structure*

مدنیّہ	آیات: 22	پیراگراف:3



زمانۂ نزول:

سورۃ المجادلہ، سورۃ الاحزاب کے بعد، غالبا ذوالحجہ 5 ہجری میں نازل ہوئی۔ یہ وہی زمانہ تھا، جب منافقین رسول اللہ کے خلاف پروپیگنڈہ کر رہے تھے کہ انہوں نے اپنے منہ بولے بیٹے حضرت زید بن حارثہ کی مطلقہ بیوی حضرت زیبب سے شادی کر لی ہے۔ اس کے تقریبا ایک سال بعد سورۃ النور نازل ہوئی، جس میں حضرت عائشہ پر بہتان کا تذکرہ ہے۔

نورالقرآن انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ

منافقین اپنے زہریلے پروپیگنڈے کے ذریعے اسلامی صفوں میں انتشار پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کر رہے تھے۔

ظہار:

زمانہ جاہلیت میں ایک فرسودہ رسم (ظہار) کی تھی۔ یہ ایک ایسی طلاق تھی۔ یہ ایک ایسی طلاق تھی، جس میں رجوع کا امکان نہ ہوتا تھا۔ شوہر اپنی بیوی کو اپنی ماں سے تشبیہ دے کر ہمیشہ کے لیے اپنے اوپر حرام کرلیتا۔ حضرت خولہ بنت ثعلبہ کے شوہر نے ان سے بڑھاپے میں ظہار کیا۔ انہوں نے اللہ سے دعا کی۔ آسمانوں میں سنی گئی اور اللہ تعالی نے اس سورت میں انہیں ظہار کے کفارے سے آگاہ کیا، تا کہ وہ دوبارہ اپنی ازواجی زندگی گزار سکیں۔